پشاور یونیورسٹی، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، بہاالدین ذکریا یونیورسٹی، اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے اسلامک اسٹڈیز، شعبہ علوم اسلامی، تاریخ اسلام، اور شعبہ عربی سے ایم فل / پی ایچ ڈی کرنے والے محققین / تحقیق نگاروں کے اسمائے گرامی مع ان کے عنوانات کے جمع کر دیے گئے ہیں۔ اچھا ہوتا کہ اس رسالہ میں یہ بھی ظاہر کیا جاتا کہ کس کس عنوان پر ڈگریاں ایوارڈ ہو چکی ہیں اور کتنے عنوانات ہنوز زیر تکمیل ہیں۔ پھر ڈگری یافتہ مقالہ جات کا پاسنگ ایئر بھی درج ہونا ضروری تھا۔ بہر حال اس رسالہ کو الف بائی ترتیب سے از سر نو مرتب کیا جا سکتا ہے۔ باعتبار سنین بھی مرتب کیا جا سکتا ہے اور موضوعاتی اعتبار سے بھی الگ الگ کیا جا سکتا ہے۔ "کمال تحقیق" کے مقابلے میں اگر اس کا نام "جہان تحقیق" رکھا جاتا تو زیادہ مناسب ہوتا۔ رسالہ بہت عمدہ کاغذ پر شائع کیا گیا ہے۔

نوے سالہ اشاریہ

ماہنامہ معارف اعظم گڑھ

مرتب: محمد سہیل شفیق

صفحات: ۶۴۴

قیمت: ۵۵۰

ناشر: قرطاس

پی او بکس 8453

کراچی یونیورسٹی، کراچی

التفسیر اہل علم کی نظر میں

مفتی محمد یٰسین نعیمی

سربراہ انٹرنیشنل مسلم کونسل

اخی المعظم!۔۔۔ پروفیسر محمد شکیل اوج ابقاکم اللہ وحیاکم بالصحت والعافیہ

السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد سلام مسنون کہ بحمد اللہ مع الخیر رہ کر متدعی خیریت مزاج گرامی ہوں غیر مترقبہ نعمت کی شکل میں التفسیر موصول ہوا آپ کی تخلیقی و تحقیقی صلاحیتوں کے یگانے اور بیگانے سب معترف ہیں حقائق کی عکاسی آپ کا طرہ امتیاز ہے مضمون نگار ایسے ہیں کہ نفس مضمون آپ پر رشک کرتا ہے جس موضوع پر اظہار خیال کریں وہ موضوع اپنی قسمت پر ناز کرتا ہے اللہ تعالیٰ نے دین و دنیا کی بے شمار خوبیاں ودیعت فرمائی ہیں آپ مجمع الصفات اور قدوۂ روزگار ہیں التفسیر کا ہر مضمون نگار سمندر کے قعر سے در نایاب نکال رہا ہے۔ التفسیر علوم و معارف کا خزینہ و گنجینہ ہے۔ اصحاب فتویٰ کو پروفیسر صاحب یعنی آپ کی بعض تحقیقات سے شدید اختلاف ہے بعض بغاوت من الدین کہتے ہیں بعض مسلمہ اصولوں کی خلاف ورزی کہتے ہیں بعض منافی دین جدت طرازی کہتے ہیں اور بعض ماحول کو اسلام کے مطابق کرنے کے بجائے اسلام کو ماحول کے مطابق کرنا کہتے ہیں میری رائے قدرے مختلف ہے کہ آپ کی تحقیقات کو بہ امعان نظر سے دیکھا جائے تو یہی مترشح ہوگا کہ یہ تحقیقات یسروا ولا تعسروا بشروا ولا تنفروا اس حدیث مبارکہ کی توضیح و تشریح ہیں آپ جس منصب جلیل پر فائز ہیں اس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ دین حق کو اسطرح پیش کریں کہ لوگ دین کو یسرو بشارت سمجھیں عسرو تنفر سے تعبیر نہ کریں یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر (القرآن) مگر یسرو بشارت اور عسرو تنفر سب اصول دین کے مطابق ہو آپ وسیع النظر اور دقیق الفکر ہونے کے ساتھ ساتھ وسیع المشرب بھی ہیں یہی وجہ ہے کہ آپ تمام اسلامی مکاتب فکر میں نہایت مؤقر ہیں اور آپ کی دینی خدمات کو تحسین کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے میں آپ کو اور آپ کے رفقاء کار کو